# Accept God,s Gift

# خُدا کے تحفے کو قبول کرنا

فرمودہ از:

## ولیم میرئین برنہم

مترجم: برادر رفیع گل

Publisher: Pastor Javed George

(End Time Massage Believers Pakistan)

We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,

New Zealand. They have given us helping hand to publish the books. Because this church has helped us to spread the End Time Message, which was given to Brother William Marrion Branham

پیغام۔۔۔۔۔۔۔خُداکے تحفے کوقبول کرنا

واعظ۔۔۔۔۔۔۔ریورنڈ ولیم میریئن برینہم

تاریخ۔۔۔۔۔۔۔19فروری1953

مترجم۔۔۔۔۔۔برادررفیع گل

# خُدا کے تحفے کو قبول کرنا

**E-1:** شکریہ، برادر بکسٹر! شام کا سلام، دوستو میں آج رات یہاں ہونے پر بہت خوش ہوں اور میں معذرت خواہ ہوں کہ ہم ہاں ایسے کھڑے ہوئے ہیں، ہر کوئی باہر، سڑک پر ہیں اور میرا بیٹا نیچے میرے پاس آیا اور اُس نے کہا ''کیوں'' کہا، ''ابوّ'' کہا، وہ اِدھر اُدھر کھڑے ہیں، باہر سڑکوں پر اور ہر جگہ، اُس نے کہا ''جلدی، جلدی، جلدی'' ایسا کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جب آپ جلدی جلدی جلدی کرتے ہیں، کیا ایسا نہیں؟ لیکن یہ، یہ جلدی کرنا میرے لیے زیادہ بُرا نہیں جتنا یہ بُرا کہ آپ اس طرح کھڑے ہیں، میں اس کیلئے معذرت خواہ ہوں۔

ہمارا یہاں ہونا ہمارے لئے بڑی خوشی کا باعث ہے......؟......تالا بیتی: ہم یہاں ہر لمحہ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ کسی دن ہم دوبارہ آپ کے ساتھ یہاں ہوں گے۔ ہمیں بہت زیادہ توقع ہے کہ خُدا کسی دن ہمیں سائبان یا کوئی جگہ دے گا کہ ہم اس میں عبادتیں کر سکے۔ یہ تھوڑا مشکل ہے جب ہمیں کرنا پڑتا ہے۔ آپ جانتے ہیں ہمارے لوگ آتے ہیں اور ہماری جگہیں شاید اتنی بڑی نہیں کہ ان کی دیکھ بھال کی جائے۔

**E-2:** ہم آپ کی ہر چیز کے لیے شکر گزار ہیں کہ جو آپ نے کیں ہیں۔ ہم تمام پادریوں کے شکر گزار ہیں ان تمام باتوں کیلئے جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے۔ اور آپ کے تعاون کا، آپ کی کلیسیا حاضر ہے۔ سخت محنت، اُن آدمیوں کی طرح جو اِن خُدا کے عظیم حکموں پر ایمان رکھتے ہیں۔ انہوں نے سکھایا کہ سچا ہونا کیا ہے، خُدا قریب آیا اور اس بات کی تصدیق کی کہ یہ سچ ہے۔ اس لیے آپ کو ضرور اِس پر یقین کرنا ہے۔ وہ خُدا کے بندے ہیں۔ پھر میں بھروسہ کرتا ہوں کہ آپ کے بھائیوں

میں سے ہر ایک نے ان عبادتوں میں مدد کی، تا کہ آپ کی عبادتیں ہر وقت بڑی سے بڑی ہوتی جائیں اور آپ لوگوں کو، خُدا بڑی برکت دے۔

اور بہت، بہت سی چیزیں جو کہ عبادات میں ہوتی ہیں جیسا کہ میں نے اس کے بارے ابھی تک کچھ نہیں کہا۔ میں اسے صرف جانے دوں گا۔لیکن میرے جانے کے بعد آپ انہیں تلاش کرلیں گے۔آپ پادری صاحبان، اسے یاد رکھیں، اس کے بعد، بعد میں مَیں جا چکا ہوں گا۔آپ دیکھیں گے کہ بہت سی چیزیں ہو چکی ہیں لوگ اس کے متعلق ابھی تک نہیں جانتے۔لیکن آپ دریافت کریں گے کہ مرد اور عورتیں آپ کے پاس آ رہے ہوں گے اور ''میرے معدے کی درد جا چکی ہے''۔ ''میرے جوڑوں کی سوجن چلی گئی''۔اب، پادری صاحبان،، اگر آپ نشان لگائیں اگر یہ سچ نہیں تو نیچے دیکھیں۔آپ انہیں یہ کہتے ہوئے سنیں گے۔اس طرح ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔

**E-3:** اور میرے منتظم نے ابھی مجھے بتایا ہے انہوں نے میرے لیے ایک پیارا سا نذرانہ لیا ہے۔ میں اس کی قدر کرتا ہوں۔ دوستو میں اصل میں ایک پیارے سے نذرانہ کا حقدار نہیں ہوں۔ مَیں مَیں نہیں ہوں، لیکن مَیں اس کی قدر کرتا ہوں کیونکہ میں اب اصل میں افریقہ اور دوسری جگہوں پر جانے کے لیے پیسے اکٹھے کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ یہ ہے جو میں اس کے ساتھ کروں گا۔ دیکھئے؟ وہ مجھے افریقہ کو ہزاروں اور لاکھوں لوگوں کی طرف بھیجے جو اس وقت تاریکی کی جہالت میں ہیں۔ میں جانتا ہوں یہ جانے کے لیے اچھی جگہ ہوگی میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ یہ ہوگا۔ ہر ایک پیسہ یسوعؔ مسیح کیلئے استعمال ہوگا۔تھوڑا سا......شاید مجھے ایک چھوٹا سا خوراک کا بل یا گھر پر کچھ، کریانہ کا بل اور اسی طرح آگے ادا کرنا پڑے گا۔لیکن اس علاوہ، ہر ایک پیسہ جو میں نے حاصل کیا ہے سیدھا بیرونی مشن میں استعمال کرنا چاہتا ہوں۔ پھر میں پُر اعتماد ہو جاتا ہوں کہ میں۔ کہ میں

میں سیدھا وہاں سے اسے حاصل کروں گا اور استعمال کروں گا۔ میری دُعا ہے خُداوند آپ کو برکت دے۔

**E-4:** اور بھائی میں دوں گا......میں خیال ہے آج اس بہن یا کسی اور نے مجھے بتایا کہ یہ ایک پینتی کاسٹل ہولی نیس تھا۔کون اس پنتی کاسٹل ہولی نیس کا پادری ہے؟......؟......آپ پادری ہیں؟ آپ برادر کو جانتے ہیں......؟......کیا یہ دُرست ہے؟ (ایک بھائی برادر برنہم سے بات ہے۔ ایڈیٹر) کیا یہ دُرست ہے۔ اچھا، یہ بہت عمدہ ہے۔ اچھا، وہ...... یقیناً، برادر فری مین، اور برادر فیشر، ہم سب بہت، بہت عمدہ، دوست ہیں۔ میں یقیناً اُن کو یہ ل خبر دوں گا کہ ہمارے پاس یہاں نیچے پنتی کاسٹل ہولی نیس چرچ میں ایک عبادت تھی پھر، اور انہیں بتاؤں گا کہ خُداوند یہاں نیچے ہمارے ساتھ تھا۔ خُداوند آپ سب کو برکت دے، آپ ہر ایک کو۔

**E-5:** اوراب، آج رات، آپ جو یہاں کھڑے ہیں، میں ابھی بائبل سے تلاوت کرنے لگا ہوں، اور اسکے بعد ہم کچھ لمحوں کیلئے بیماروں کے لیے دُعا کریں گے۔ میں جانتا ہوں آپ کھڑے ہوئے تھک گئے ہیں۔ اور آپ باہر اور تہہ خانے میں اور اِردگرد تھکے ہوئے کھڑے ہیں۔ میں چاہتا ہوں یہاں کچھ وقوع پذیر ہو۔ میری خواہش ہے میری قوت میں کوئی ایسی چیز ہو کہ میں سب کچھ اوپر اُٹھا دوں اور یہاں ہر طرف برکت ہو اور وہ صرف خُدا کی ستائش کرنے والے ہوں اور خُدا کی برکتیں، اور ہر ایک شفایاب ہو اور باہر جائے اور باہر کوئی بیمار یا لنگڑا یا کوئی......نہ ہو، کیا یہ میں پسند نہیں کرتا؟

اوہ، اگر میں ایسا کرسکتا۔ لیکن یہ، یہ میرے اندر ایسا کچھ نہیں ہے کہ میں یہ کروں، میں یہ نہیں کرسکتا۔ میں صرف ایک انسان ہوں۔ دیکھیئے؟ ایک چیز کرسکتا ہوں، اور وہ یہ کہ میں آپ کے لیے دُعا کروں اور آپ کو سچائی بتاؤں۔ اور اگر عبادات کے دوران، کیا لوگ آتے ہیں......اور جو

کچھ ہے جس کی پادری صاحبان نے منادی کی ہے۔آپ کے پادری صاحبان نے، شاید برسوں پہلے آپ کے سامنے منادی کی ہو کہ خُدا یہ چیزیں[ یہاں ٹیپ خالی ہے......ایڈیٹر ]۔اب اس بات کو ثابت کرنا ہے کہ آپ کے پادری صاحبان نے جو کچھ آپ کے سامنے منادی کی ہے وہ پورا ہو۔ اور یہ کرنے میں، عاجزی سے میں آج رات اپنی بہترین کوشش کروں گا۔کہ خوشخبری کو آپ کے پاس اُس طور لایا جائے۔میں یقین رکھتا ہوں کہ خُدا نے یہ مقرر کیا ہے کہ اس کی منادی کی جائے۔ کیا آپ اسے حاصل کریں گے؟ اور پھر، آپ اس بات کا یقین کرتے ہیں کہ یہ بالکل اِسی طرح ہے، یہ سچ ہے۔

**E-6:** اب، آپ حضرات جو باہر اور تہہ خانہ میں موجود ہیں، اور آپ جو اس وقت اس پر دیکھنے کے قابل نہیں ہیں......خُداوند یسوعؔ مسیح نے کلوری پر اپنی موت اور گناہوں کے کفارہ کیلئے دُکھ سہہ کر، دُنیا میں موجود ہر ایک جسدِ انسانی کے لیے شفا مول لی، اور ان کے لئے بھی جو دُنیا میں ہوں گے۔یسوعؔ پہلے ہی قیمت ادا کر چکا ہے، اور خدا کی نظر میں آپ پہلے ہی شفایاب ہو گئے ہیں۔خُدا کی نظر میں کوئی بیماری نہیں ہے۔آپ پہلے ہی شفایاب ہیں۔ہر گنہگار یہاں اندر باہر، آپ کہیں بھی ہیں، آپ کے گناہ، خُدا نے دور پھینک دیئے ہیں۔اب آپ کو معاف کر دیا گیا ہے۔لیکن اگر آپ اسے قبول نہ کرتے، پھر جب آپ بیٹے یا بیٹی کی حیثیت سے یسوعؔ کا خون اپنے اوپر لیے بغیر، اُس کی حضوری میں آتے، تو پھر آپ رد کیے ہوئے ہیں جیسا کہ، آپ نے وہاں کیا۔

''جس روز تُو نے اُس میں سے کھایا تُو مرا''

اب آپ اس حالت میں مر نہیں سکتے۔آپ ایک گنہگار ہوتے ہوئے مدد نہیں کر سکتے۔ کیونکہ آپ گنہگار پیدا ہوئے، لیکن آپ مدد کر سکتے ہیں۔ایک گنہگار ہوتے ہوئے، خُدا کی نظر میں، گناہ پہلے ہی ڈھانپا گیا ہے۔وہ گناہ کو نہیں دیکھ سکتا۔وہ، وہ ٹھیک اور بادشاہ ہے۔اُسے بالکل اسی

طرح ہونا پڑے گا......[ٹیپ پر خالی جگہ......ایڈیٹر]۔سیدھا اس وقت، خُدا گناہ کو نہیں دیکھ سکتا؛ وہ پاک ہے۔لیکن یسوعؑ کا خون اسے ایک کار کے بمپر کی طرح اسے علیحدہ پکڑے رکھتا ہے۔ ہر دفعہ آپ گناہ کرتے ہیں، بمپر، یسوعؑ مسیح، اسے خُدا تک پہنچنے سے پہلے آپ کے گناہ پر آپ کو پکڑتا ہے۔کیا آپ پشیمان نہیں جس طرح آپ نے اُس سے سلوک کیا؟

**E-7:** ایک روز مجھے یاد ہے جب میں وہاں اُوپر نگاہ کئے ہوئے دیکھتا ہوں کہ اُس نے میرے لیے کیا کیا، میں عاجزی سے اُس کی طرف کھسکا۔ میرا نام ایک کتاب کے اُوپر لکھا ہے۔ اور، اوہ، اس کے نیچے کیا لکھا تھا۔ میں نے کہا ''خُداوند کیا تو مجھے معاف کرے گا!''

اُس نے ہاتھوں کو، اپنی طرف بڑھایا اور ڈبو کر کہا ''ہاں۔'' اور اُس نے اس کتاب کے آر پار لکھا ''معاف کیا ہوا'' اوپر سے اسے بند کیا، اور اسے پیچھے بھولنے والے سمندر میں پھینک دیا۔ میں ہمیشہ خوش ہوتا ہوں۔ میں اپنی بہترین کوشش کر رہا ہوں کہ زمین پر ہر انسان کو اپنے عاجزانہ طریقے سے بتاؤں کہ ''یسوعؑ مسیح آپ سے پیار کرتا ہے، اور وہی اکیلا ہے جو کہ خُدا کے غضب کو آپ سے دُور رکھ رہا ہے۔ اُسے اپنے شخصی نجات دہندہ کے طور پر قبول کریں''۔

اور جب آپ یہ کر لیتے ہیں۔ اب، وہ یہ، اُس کی کمر بھی دھاری دھاری تھی، '' اُس کی دھاری دھار سے ہم شفایاب ہوئے یا ''ہم شفایاب تھے''۔ نہ کہ ہوں گے، ہم پہلے ہی شفایاب ہو چکے ہیں۔ ہر شخص شفایاب ہو چکا ہے۔ اور اب آپ کو صرف ایک چیز کرنی ہے، اور وہ ہے یقین کریں، پہلے اپنے دل میں، پیشتر اس سے کہ آپ کہہ سکیں۔ اگر آپ صرف اپنے ہونٹوں سے ہی کہہ رہے ہیں، تو یہ آپ کو اچھا نہیں کرے گا۔لیکن اسے......دیکھئے ہم۔

یہ ایک اوپری سطح کا معاملہ نہیں ہے۔ یہ کوئی چیز نہیں ہے جو اِس طرح ہو......گزشتہ شام ایک نشریات پر میں نے کسی کو کہتے سنا، ''ہر شخص جو یقین کرتا ہے رُوح القدس سے بھر گیا، گیا ہے''۔

اب میں اس پادری سے عدم اتفاق نہیں کر رہا، تاہم اُس نے، اُس نے شاید بائبل کو نہیں سمجھا۔ اعمال 19 باب میں، پولسؔ وہاں پر اُن بپتسمہ یافتہ لوگوں سے پوچھتا ہے، کیا انہوں نے ایمان لاتے وقت رُوح القدس حاصل کیا تھا؟ نہیں جب آپ ایمان لاتے ہیں۔ آپ کے ایمان لانے کے بعد رُوح القدس خُدا کا ایک تحفہ ہے۔ آپ کے ایمان لاتے ہوئے یہ آپ کے لیے خدا کا تحفہ ہے۔ لیکن آپ یقین کریں، یسوعؔ خُدا کے بیٹے کی موجودگی اور اُسے اپنا شخصی نجات دہندہ کے طور پر قبول کر کے اور ابھی تک رُوح القدس نہیں رکھتے۔ رُوح القدس کا تحفہ ایمان لانے والوں کے لیے خُدا کا ذاتی تحفہ ہے۔ آپ بچ گئے ہیں کیونکہ آپ ایمان رکھتے ہیں لیکن آپ رُوح القدس سے بھر جاتے ہیں جب آپ پر خُدا کا ذاتی تحفہ آتا ہے جو کہ رُوح القدس ہے۔

اب، دیکھئے، یہ ایک سطحی معاملہ نہیں ہے۔ یہ کچھ گہری چیز ہے۔ ہم مزید بچے نہ رہیں؛ ہم مرد اور عورتیں ہیں۔ آج رات کلیسیا کو اس حالت میں ہونا چاہیے، سطحی نہیں بلکہ خُدا میں گہرے طور پر۔

**E-9:** اب شفا کوئی چیز نہیں ہے جو آپ صرف کہیں ''اچھا، میں...... ہاں، میں اس کا یقین کرتا ہوں۔ میں اس کا یقین کرتا ہوں''۔ اب، یہ سب ٹھیک ہے۔ اگر یہ آپ کے کرنے کے لیے بہترین ہے، صرف دماغی طور پر، یا صرف کہیں ''اچھا، میں...... ہاں، میں، میں اسے دیکھتا ہوں۔ میں اس کا یقین کرتا ہوں؛ میں اسے قبول کرتا ہوں'' پھر اگر آپ اسے اُن بنیادوں پر قبول کرتے ہیں، صرف یہ کہتے ہوئے یہ ختم ہو گیا ہے اور ختم ہو گیا ہے۔ اسے زور سے کہیں، کہیں یہ ختم ہو گیا ہے اور ختم ہو گیا ہے، صرف یہ کہتے ہوئے ''میں شفایاب ہوں۔ میں تندرست ہوں'' یہ کہیں جب تک آپ حقیقت میں اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جب آپ یہ یقین کرتے ہیں پھر یہ واقع ہوتا ہے۔

ایک منفی گواہی نہ رکھیں۔ ہر بار جب آپ ایمان رکھتے ہیں ''اچھا، آج بھی میں بُرا محسوس

کرتا ہوں۔ میرا اندازہ ہے میں......آپ سیدھے پیچھے اُسی پرانے رواج میں جائیں جہاں آپ شروع میں تھے۔ یہاں نہ کوئی مرد یا عورت ہو جو کہ رُوح القدس سے بپتسمہ یافتہ ہو لیکن شروع میں آپ نے اعتراف کیا ہوگا ''مجھے یقین ہے میں رُوح القدس کھو چکا ہوں۔ مجھے یقین ہے یہ مجھ سے جا چکا ہے۔ مجھے یقین ہے میں......'' آپ سیدھے نیچے جائیں گے؛ آپ کبھی نہیں...... کیا آپ......

**E-10:** غور سے سُنیں۔ آپ اپنے اعتراف پر کبھی زندہ نہیں رہیں گے۔ یسوعؔ ہمارے اعتراضوں کا سردار کاہن ہے[ کیا یہ دُرست ہے؟ اب، عبرانیوں 3:1، اب ہر کوئی عالم یہ جانتا ہے کہ یہ ایک جیسے لفظ ہیں ''اقرار'' اعتراف بھی ہے، ایک جیسا ترجم ]اب وہ باپ کے دہنے ہاتھ بیٹھا ہے ہمارے اعتراضوں پر شفاعت کرتا ہے۔ وہ آپ کے لیے تب تک کچھ نہیں کر سکتا جب تک آپ پہلے اقرار نہ کریں کہ اُس نے میرے لئے یہ کر دیا ہے۔ دیکھیں؟

جب آپ اس بات کو قبول کر لیا۔ اب، میں نجات یافتہ نہیں ہوں...... میں آج رات نجات یافتہ نہیں ہوں کیونکہ میں خوشی مناتا اور چلاتا ہوں۔ کیا ایسا نہیں ہے۔ میں نجات یافتہ نہیں ہوں کیونکہ خُدا کی نعمتیں میرے ذریعے کام کرتی ہیں۔ میں نجات یافتہ ہوں کیونکہ میں اُن باتوں کو پورا کر چکا ہوں جو کہ یسوعؔ مسیح کو مجھ سے چاہیے۔ میں بائبل کے مطابق نجات یافتہ ہوں۔ دیکھیں؟ کیا یہ دُرست ہے؟ دیکھیں؟ پر......اور نہیں کیونکہ میں نجات یافتہ ہوں میں ایسے محسوس کرتا ہوں۔ شیطان آپ کو آپ کے جذبات پر کوڑے مار سکتا ہے لیکن وہ نہیں کر سکتا۔ جب یہ خُداوند یوں فرماتا ہے دیکھیں؟ وہ نہیں کر سکتا۔ جائیں وہ اسے مشکل سے بھی یاد نہیں کر سکتا؛ یہ اُسے ناکام کر دے گا۔

**E-11:** اب آپ بچ گئے ہیں جب آپ کو یقین ہو، اپنی سیٹوں پر بیٹھے ہوئے، باہر جہاں کہیں

آپ تھے، آپ اسے قبول کریں اور اقرار کرنا شروع کریں اور لوگوں کو بتائیں کہ آپ نجات یافتہ تھے۔ اچھا، آپ کہتے رہیں ''میں نجات یافتہ ہوں''۔

لوگوں نے کہا ''اُن میں اور آپ میں کچھ فرق نہیں''، لیکن وہاں آپ میں ایمان تھا۔ کیا یہ دُرست ہے؟ اور آپ اقرار کے ساتھ تھے اور کچھ عرصہ بعد یہ راستبازی سے کام کرتا ہے۔ آپ کے تمام ہمسائے اور ہر کوئی جانتا ہے اب آپ نجات یافتہ ہیں کیونکہ آپ اس کا یقین کرتے ہیں، آپ نے اس کا اقرار کیا ہے۔ کیوں، کیا ہوا۔ آپ کو کیا بدلتا ہے؟ وہ آپ کے اقرار کا سردار کاہن ہے، باپ کے دہنے ہاتھ بیٹھا ہے۔ اچھا بنانے کے لیے جو کچھ آپ اقرار کر رہے ہیں۔

اب یہ ویسی ہی چیز ہے جیسی شفا ہے۔ آپ اُسے اپنا شافی قبول کرتے ہیں۔ اپنے احساسات کو چھوڑیں۔ یہ احساسات سے نہیں ہے؛ یہ ایمان سے ہے۔ کہیں آپ شفایاب ہیں؛ ایمان رکھیں آپ شفایاب ہیں؛ اس طرح عمل کریں کہ آپ شفایاب ہیں؛ اُن کے ساتھ رفاقت رکھیں جن کا شفا پر ایمان ہے۔ اور خُدا آپ کو کامل صحت کے ساتھ سیدھا باہر لے آئے گا: وہ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

**E-12:** میں فقط ایک نقشہ کھینچ رہا ہوں، مَیں ایمان کو حرکت میں لانے کی کوشش کر رہا ہوں [آپ دیکھتے ہیں؟]۔ پس میں دیکھ سکتا ہوں کہ کچھ ہی منٹوں میں رُوح القدس یہاں ہمارے لئے کیا کرے گا۔ میں نے علامات نہیں دیکھیں۔ خاتون آپ اس پر دھیان نہ دیں، اس سبب کہ آپ ایک ویل چیئر پر بیٹھی ہے، یا یہاں یہ جوان ساتھی ہے، یہ خُدا کے سامنے کچھ نہیں کہ دانت کے درد سے شفا دے (دیکھیں) تھوڑا سا فرق نہ کریں۔

لیکن اب، دیکھیں۔ وہ آپ کے اقرار کا۔ کا سردار کاہن ہے۔ اب، اگر وہاں کوئی ساتھی ہے جو راغب ہوا ہوا ایک۔ ایک بُری علامات کے معاملہ میں، یوناہ ہوا تھا جب وہ نینوہ کو جا رہا تھا۔ وہ

منحرف ہو کر نینؔوہ کو جا رہا تھا، یا ترسیسؔ کو، نینؔوہ کی بجائے، غلط بحری جہاز پر، غلط راستے پر منحرف ہو کر چلا، خدا سے بھاگ کر ایک طوفانی سمندر میں۔ اُنہوں نے اُس کے ہاتھ اور پاؤں باندھے، اُسے بحری جہاز سے باہر پھینکا دیا۔ اور وہ نیچے سمندر میں گیا۔ اور ایک وہیل مچھلی نے اُسے نگل لیا اور وہ سمندر کی تہہ میں عمودی ہو گئی اپنے تیراک کو آرام دینے کے لیے جیسا ساری مچھلیاں کرتی ہیں۔ وہ وہاں تھا، ہاتھ اور پاؤں بندھے، منحرف، ایک طوفانی سمندر، سمندر کی گہرائی میں کئی چھ فٹ پیمانے نیچے ایک وہیل کے پیٹ میں۔

اگر یہاں کسی کے پاس نشان تھا تو یہ یوناؔہ تھا۔ تاہم اُس نے اس راستے کو دیکھا یہ ایک وہیل کا پیٹ تھا؛ جہاں کہیں اُس نے دیکھا یہ ایک وہیل کا پیٹ تھا لیکن اُس نے اسے دیکھنے سے انکار کر دیا۔

آپ دیکھتے اور کہتے ہیں ''میں یہاں بیٹھا ہوں''

کوئی اور دیکھتا، اور کہتا ہے ''اچھا، ڈاکٹر نے مجھے بتایا ہے کہ مجھے دل کی تکلیف ہے۔ مجھے جوڑوں کی سوجن ہے'' اسے دیکھنے سے انکار کر دیں؛ اس پر یقین کرنے سے انکار کر دیں۔ یہ دُرست ہے۔

**E-13:** یوناؔہ نے کہا ''وہ بیہودگی سے جھوٹ بول رہے ہیں۔ اُس نے کہا، ایک دفعہ اور میں آپ کی مقدس ہیکل کو دیکھوں گا'' خُدا کو بتایا۔

کیونکہ جب سلیمانؔ نے اس ہیکل کو مخصوص کیا۔ اُس نے کہا، اگر لوگ جہاں کہیں تکلیف میں ہوں اور اس پاک جگہ کی طرف دیکھیں اور دُعا کریں پھر آپ آسمان سے سُن لینا''۔

اور اُس نے یقین کیا، یوناؔہ کا ایمان تھا کہ خدا نے سلیمانؔ کی دُعا سُنی اور اُس نے کہنا شروع کیا ''میں وہیل کے پیٹ کو نہ دیکھوں گا۔ میں اپنی منحرف حالت کے بارے نہیں سوچوں گا۔

میں تیری مقدس ہیکل کی طرف دیکھوں گا اور اقرار کروں گا''۔ اور خُدا نے وہاں نیچے آکسیجن بھیجی، اور تین دن اور رات اُسے زندہ رکھا، اور سیدھا اُسے نینوہ کو پہنچایا جہاں اُسے ہونا تھا۔

اچھا، اگر سلیمان نے دُعا کی تھی یہ دُعا، اور اگر...... یہاں کوئی نہیں جو کہ اس حالت میں یا اس سے آدھی حالت میں ہو جیسے یوناہ تھا۔ آپ نے اُس طرح کے نشانات حاصل نہیں کیئے جس طرح کے اُس کے پاس تھے۔ اچھا، اگر وہ، اس حالت میں، ایک ہیکل کو دیکھ سکا جسے ایک آدمی کے ہاتھوں نے اسے بنایا، اور ایک خاکی آدمی ہوتے ہوئے، سلیمان، بیٹھا اور دُعا کی، اور سلیمان کی دُعا پر ایمان رکھ سکا، کتنا زیادہ آپ پر اور مجھ پر لازم ہے، آج رات، یہاں بیٹھے ہوئے، خُدا کے تخت کو دیکھیں جہاں یسوع اپنے خون کے ساتھ اُس کے دہنے ہاتھ کھڑا ہوتا ہے آپ کے اقرار پر شفاعت کرنے کو، فقط علامات ہونے کا انکار کر دیں۔

**E-14:** علامات اسی طرح ہے جیسے، آنے والے کل کو کہیں، اب جب آپ گھر کو جاتے ہیں، آپ کی جگہ پر، ایکسپریس کا نمائندہ آئے اور کہے ''کیا آپ مسٹر جو ہے؟''

''ہاں''

''میرے پاس آپ کے لیے ایک تحفہ ہے''۔

''سب ٹھیک ہے۔ یہ کیا ہے؟'' اُس نے ایک۔ ایک ٹوکری، یا ڈبہ اس کے حوالے کیا اور آپ اس ڈبے میں کسی چیز کے ٹکرانے کو سنتے ہیں۔ آپ اس میں دیکھتے ہیں۔ یہ سانپوں کا، ریٹل سنیکس کا ایک بڑا ڈبہ ہے۔ اچھا، آپ اُن چیزوں کو نہیں چاہتے۔

اچھا، آپ کہتے ہیں ''میں انہیں نہیں چاہتا''۔

''اوہ، لیکن وہ آپ کے ہیں۔ کسی نے اُن کو آپ کے لیے بھیجا ہے۔ یہاں آپ کا نام ہے۔ یہاں نام ہے۔ کسی نے ان سانپوں کو آپ کے لیے بھیجا ہے؛ وہ آپ کے ہیں۔ آپ کو اِنہیں لینا

پڑے گا''۔

اب، اگر الفاظ کے حساب سے دیکھیں تو وہ آپ کے ہیں۔ دوسری جانب ایک حساب سے وہ آپ کے نہیں ہیں۔ کسی نے اُن کو آپ کے لیے بھیجا ہے، لیکن وہ اُس وقت تک آپ کے نہیں جب تک آپ اُن کے لیے دستخط نہ کریں اِس طرح وہ آپ کے ہوتے ہیں۔ اور جب آپ دستخط کر کے اُنہیں وصول کرتے ہیں، پھر وہ آپ کے ہیں۔ لیکن اگر آپ اُن کے لیے دستخط کرنے سے انکار کر دیں، وہ ان کو واپس ایکسپریس کمپنی لے جائے گا۔ ایکسپریس کمپنی کو اِنہیں واپس بھیجنا پڑے گا جس نے اُسے آپ کو بھیجا۔ کیا یہ درست ہے؟

اچھا، دستخط نہ کریں شیطان کی کسی بھی بھیجی گئی چیز کے لیے۔ نہیں، جناب، ٹھیک طور پر اسے لینے سے انکار کر دے۔ نہیں، جناب، کہیں، ''میں اسے نہیں لے سکتا۔ شیطان تم ان سب کو واپس لے لو۔ میں اسے نہیں لے سکتا''۔ اپنی بیماری سے انکار کر دیں، اپنی جوڑوں کی سوجن سے، یہ چاہے کچھ بھی ہو''میں اسے نہیں لے سکتا۔ اُس کے کوڑے کھانے سے میں نے شفا پائی''۔ اپنی جگہ پر سیدھے کھڑے ہو جائیں۔ اس کا اقرار کریں۔ اس کا یقین کریں۔ وہیں کھڑے رہیں۔ خُدا اس کو قریب سے لائے گا۔ کوئی مسئلہ نہیں کہ یہ کیا ہے، صرف اُس کا یقین کریں۔

**E-15:** سب ٹھیک ہے، آپ اچھے لوگ ہیں جو یہاں جمع ہیں۔ میں۔ میں ایک اچھا مبلغ نہیں ہوں، لیکن مجھے یقین ہے کہ آج رات تھوڑی دیر بات کرنا اچھا ہے، لیکن میں نہیں کر سکا۔ میں گھبراتا ہوں، میں دُور ہو جاؤں گا...... میں گھنٹوں آپ کے لیے دُعا کر رہا تھا شفا اور مسح کے لیے۔ اور پھر یہاں آؤں اور منادی شروع کروں، یہ فقط کرنے کی چیز نہیں ہو گی۔

میں کچھ حوالے پڑھنا چاہتا ہوں، اور پھر ہم دُعا کی لائن بلائیں گئے۔ مقدس یوحنا 5 باب 33 آیت سے شروع کریں گے۔ اب، غور سے سنیں۔

’’تم نے یوحنا کے پاس پیام بھیجا اور اُس نے سچائی کی گواہی دی ہے۔لیکن میں اپنی نسبت انسان کی گواہی منظور نہیں کرتا تو بھی میں یہ باتیں اس لیے کہتا ہوں کہ تم نجات پاؤ۔ وہ جلتا اور چمکتا ہوا چراغ تھا اور تم کو کچھ عرصہ تک اُس کی روشنی میں خوش رہنا منظور ہوا۔لیکن میرے پاس جو گواہی ہے وہ یوحنا کی گواہی سے بڑی ہے کیونکہ جو کام باپ نے مجھے پورے کرنے کو دیئے یعنی یہی کام جو میں کرتا ہوں وہ میرے گواہ ہیں کہ باپ نے مجھے بھیجا ہے۔‘‘

**E-16:** ہم اپنے سروں کو کچھ دیر کے لیے جھکائیں گے، جہاں کہیں، آپ موجود ہو۔اب انتہائی مخلص، دوستو آپ جو اندر یا باہر، ہر جگہ موجود ہیں......اب، آئیں اپنے ایمان کے کامل کرنے والے اور مصنف کو دیکھیں، جس نے وعدہ کیا اگر دو یا تین میرے نام میں اکٹھے ہوں گے، میں وہاں موجود ہونگا۔

اب، خُداوند، ہم ایمان رکھتے ہیں کہ تو یہاں موجود ہے۔ہم، خُدا، خُداوند یسوع کے نام میں آتے ہیں، کیونکہ تیرے پاس آنے کے لیے ہمارے پاس کوئی بھی اور نام یا قابلیت نہیں ہے۔ کہ ہم اپنے ہی نام سے تیرے پاس آئیں، تو ہمیں قبول نہیں کرے گے۔لیکن آج رات ہم انتہائی گہرائی سے ان بیمار لوگوں کے اور ان کے حالات کیلئے فکرمند ہیں، تیرے بچے، ہم اُس کا نام میں آتے ہیں جس نے وعدہ کیا کہ اگر ہم اُس کے نام سے آئیں تو تو ہمارے خُداوند یسوع مسیح کی سُن لینا ’’جو کچھ تم باپ سے میرے نام سے چاہو گے، میں کر دوں گا‘‘ اس طرح ہمیں اُس کے نام میں آنا ہے، اور یہ جانتے ہوئے آسمان کا خُدا، وہ عظیم......اور آج رات نیچے اس کلیسیا پر نگاہ کر، دیکھ، انہیں دیکھ جو باہر صحن میں کھڑے ہیں، اور نیچے تہہ خانے میں......اُن پر اپنی عظیم ایکسرے جیسی آنکھوں سے نگاہ کر، اس طرح دیکھ جیسے آدمی کی رُوح کی سچائی کو، کچھ چھپا نہیں، تو سب کچھ جانتا

ہے۔تو ہر شخص کو جانتا ہے۔حتیٰ کہ ایک چڑیا بھی تیری مرضی کے بغیر گلی میں گر نہیں سکتی۔اور تو کس قدر اس بات سے وقف ہے کہ اب ہم دُعا کررہے ہیں؟اے باپ، کیا تو۔کیا تو آج رات یہ ہمارے لیے کرے گے۔

**E-17:** اگر مجھ پر تیری نگاہِ کرم ہو،خُداوند......میں نے تیری خدمت کرنے کی بہترین کوشش کی ہے اور باوجود اس کہ میں نے بہت سی غلطیاں کی ہیں۔اور آج رات کاٹے جانے کا مستحق ہوں، لیکن خُداوند، یہ آپ کے فضل کی بدولت ہے۔یہ ہے کہ ہم یہاں موجود ہیں۔

خُداوند، جب سے تو نے مجھے بتایا ہے، اور مجھے بیماروں کے لیے دُعا کے لیے باہر بھیجا، میں نے عاجز ہونے کی ہر طور کوشش کی ہے۔ مجھے بڑی بڑی عظیم جگہیں نہیں چاہیں۔ یہ چھوٹے چرچ میرے لیے دُرست ہیں،خواہ...... جہاں کہیں بھی ایسا لگتا تھا کہ تو چاہتا ہے کہ میں چلا جاؤں، میں جانے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں ہمیشہ یسوعؔ مسیح کو جلال اور عزت دینے کی کوشش کرتا ہوں۔ ہمارا نجات دینے والے، ہمارے ان کاموں کو مکمل کرنے کی کوشش کرنا جو کہ میں محسوس کرتا ہوں کہ اُس نے واپس شروع کیا ہے اور دُنیا کے آخری زمانہ کے لوگوں کے ساتھ وعدہ کیا، اور اُسے ہی تمام تعریف اور جلال دیتے ہوئے۔

**E-18:** اب،،اس منتظر لوگوں کے گروہ پر نیچے نگاہ کر۔خُدا کی عظیم رُوح کو اُن پر بھیج،اور ممکن کر،، شفا دینے والا فرشتہ، آج رات اس عمارت کے گرد اپنے عظیم پروں کو پھیلائے،ساری بے اعتقادی کا خاتمہ کردے، اور خُدا کرے کچھ دیر بعد اس خیمہ گاہ میں ایک بڑی خوشی ہو، کہ وہ صرف آپ کی برکتوں کے نیچے دوڑیں، خُداوند، اور انتظار کریں۔اور، خُدا کرے عظیم بڑے پُرسکون رحم اور ایمان کے قطرے ہر شخص پر اُس کے پروں سے گریں، کہ وہ صرف ہر گناہ کو کھول کر گرادیں، ہر بندھن سے آزاد کرے، اور آئے اور خدمت کرے، اُن کو بیماری سے شفا دے۔اور آج رات جب ہم

اپنے اپنے گھروں کو جا رہے ہیں، خُدا ہر ایک کو برکت دے۔ ممکن کر کہ ہم کہیں، اُن کی طرح جو اماؤس کی راہ میں تھے ''کیا ہمارے دل خوشی سے نہ بھر گئے تھے'' اُس کی حضوری کی بدولت، خُدا اِس چھوٹے گلے کو برکت دے۔ ہر کلیسیا کو جو تعاون کرتے ہیں برکت دے۔ اور کسی دن، خُداوند یہ عطا کر اگر تیری مرضی ہے، ہم اس پیارے شہر میں واپس آئیں اور یہاں بہت، بہت ہفتوں تک ایک پرانی بیداری کی طرز پر اور بہت ساری چیزیں وقوع پزیر ہوں۔ یہ ہم یسوعؔ کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین۔

**E-19:** آپ کا شکریہ۔ اور اب، آج رات ہم شروع کرتے ہیں۔ انہوں نے آج تمام نئے گروپ کے دُعائیہ کارڈ تقسیم کر دیئے ہیں، ایک نیا گروپ، بہت، بہت، ''ایم'' سے شروع ہونے والا اور اب، ہمارے پاس ہوں گے...... ہم ایک ہی وقت میں بہتوں کو نہیں کھڑا کر سکتے۔ یہاں ہم کتنوں کو کھڑا کر سکتے ہیں؟ سب ٹھیک ہے۔ یہ کون ہے جس نے کہا وہ......، سب ٹھیک ہے۔ پادری، اور برادر بیکسٹرؔ، اور اُن سب نے مشورہ دیا ہم ایک وقت میں صرف تین کو بلائیں گے، انہیں کھڑا رکھنے کی کوئی وجہ نہیں، سب ٹھیک ہے، یہ بہت عمدہ ہوگا۔

اچھا، چلیئے پہلے ایک سے شروع کرتے ہیں پھر، سیدھا نیچے سے شروع کریں۔ کس نے ایم-1 حاصل کیا؟ یہ کہاں پر ہے؟ ایم-1، دُعائیہ کارڈ، ایم-1 اپنے دُعائیہ کارڈ پر دیکھیں، وہ کریں گے...... یہ اس طرح کا ایک چھوٹا کارڈ ہوگا، اس کے آگے والی سائیڈ پر آپ کا نام اور پتہ ہوگا، یہاں اوپر اس سائیڈ پر...... یہاں نیچے والی سائیڈ پر ایک۔ ایک لفظ ''ایم'' یہ 1 ہوگا۔ ایم-1، ایم-2، ایم-3، آیئے دیکھتے ہیں اگر ہم انہیں باہر لا سکیں۔ ان میں سے کچھ ہے، میرا اندازہ ہے، باہر؛ ان میں سے کچھ دوپہر والی عبادت میں؛ ان میں سے کچھ شاید نیچے تہہ خانہ میں کھڑے ہیں۔ جنہوں نے ان دُعائیہ کارڈز کو حاصل کیا آپ جہاں بھی ہیں یہ ایم لفظ سے جاری ہیں، اب بلاوے

کے لیے تیار ہو جائیں۔ ہمارے پاس ایم-1، ایم-2، ایم-3 ہیں۔ یہ بہت سے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

# برائے رابطہ وحصول کتاب ہذا

رُوح القُدس سے معمُور فرمُودہ کلام کو جو مقدسین کی خدمت کیلئے کتابی صورت میں شائع کیا گیا ہے اوران کی Soft Copy بلا معاوضہ حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذِیل خُدام سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ یا ہماری ویب سائٹ /https://thewordrevealed.info وِزٹ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| پاسٹر شہباز مسیح | سرگودھا | 0302-6739843 |
| پاسٹر مون عقیل | سیالکوٹ | 0346-5284396 |
| پاسٹر وائے ایم ظفر | مانا والا | 0345-6352274 |
| پاسٹر شمعون گل | واہ کینٹ | 0345-5804679 |
| پاسٹر جاوید برکت | کوئٹہ بلوچستان | 0345-8350410 |
| پاسٹر سیموئیل جوزف | مردان | 0344-9575528 |
| پاسٹر شکیل مسیح | اسلام آباد | 0346-8277705 |
| پاسٹر بابر سلیم | اسلام آباد | 0312-0529175 |
| پاسٹر سلامت مسیح | شاہ کوٹ فیصل آباد | 0322-4811273 |
| پاسٹر اکرم روشن | لاہور | 0300-4550018 |
| پاسٹر شاید مُشتاق | پشاور | 0311-1935299 |
| پاسٹر اے ڈی ظفر | چک 424 | 0345-7555064 |
| پاسٹر عابد مسیح | ساہیوال | 0314-3600476 |
| پاسٹر زاہد شفیق | تربیلہ | 0312-4901522 |
| پاسٹر بشارت مسیح | جہلم | 0344-5722089 |
| پاسٹر ایرک دولت | کراچی | 0317-8977619 |
| بھائی ہارون مسیح | منگلہ ڈیم | 0342-8765650 |
| بھائی عرفان عمانوئیل | گھکھڑ منڈی | 0342-9318016 |